E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
A.B.C CERTIFIED
صوبہ پختونخواہ کا سب سے زیادہ فروخت ہونیوالا اخبار
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد
بیاد
نیاز پاشا جدون
فون نمبر
0992-385577
جلد نمبر 37
پیر 10 ربیع الاول 1448ھ 24 اگست 2026ء 2083ب
صفحات 4
قیمت 20 روپے
شمارہ نمبر 168

ڈاکٹر وردا قتل کیس 7 ماہ بعد بھی ورثاء انصاف اور پنشن کے منتظر

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ڈاکٹر وردا شہید کیس میں چونکا دینے والے انکشافات۔ 7 ماہ بعد بھی ورثا انصاف اور پنشن کے لئے در بدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور۔ ایبٹ آباد بے نظیر بھٹو شہید ہسپتال کی ڈاکٹر وردا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ہزیپورآیت نور بازیاب نہ ہوسکی عوام کا شدید احتجاج

ملزمان گرفتار، ایک جیل منتقل، دوسرے کا مزید ریمانڈ، بچی کی عدم بازیابی پر شہریوں میں تشویش

ہری پور (سٹاف رپورٹر) تھانہ ٹی آئی پی کی حدود پٹھان کالونی سے 14 روز قبل لاپتہ ہونے والی 5 سالہ آیت نور تاحال بازیاب نہ ہوسکی اس کیس میں اہم پیش رفت میں پولیس نے دو گرفتار ملزمان طلحہ فرید اور قاسم کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کردیا پولیس نے دو دن کی مزید ریمانڈ مانگا عدالت نے سوال اٹھایا کے پچھلے پانچ دن سے ملزمان آپکی حراست میں ہے آپکی کیا Progress ہے۔ عدالت کے سوال کا پولیس کوئی جواب نادے سکی عدالت نے طلحہ فرید کو جوڈیشل ریمانڈ کرکے جیل بھیج دیا جبکہ قاسم سکنہ ماڈل ٹان کو دو دن کی مزید حراست پولیس کو دے دی گئی یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ ملزمان پکڑے گئے ریمانڈ بھی لے لیا گیا ایک جیل بھی چلا گیا پر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

صوبہ ہزارہ کیلئے تمام سیاسی قوتوں کو متحد ہونا ہوگا، پرویز رشید

صوبہ ہزارہ کسی ایک جماعت یا فرد کا نہیں، ہزارہ کے عوام کا دیرینہ اور جائز مطالبہ ہے، جدوجہد آئینی و جمہوری طریقے سے جاری رکھیں گے، خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صوبہ ہزارہ تحریک کے زیر اہتمام آل پارٹی ہزارہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں ہزارہ وال سماجی و سیاسی جماعتوں، قومی سیاسی جماعتوں، وکلا، قبائلی عمائدین اور مختلف تنظیموں کے سربراہان و رہنماں نے بھرپور شرکت کی۔ شایان شادی ہال بلوچ کالونی شرکا سے کھچا کھچ بھر گیا اور صوبہ ہزارہ کے نعروں سے گونجتا رہا کانفرنس سے صوبہ ہزارہ تحریک کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

سیاحوں کی گاڑی کھائی میں جا گری، 18 افراد زخمی

گاڑی میں سوار 16 سیاح جن میں 12 خواتین اور 4 مرد شامل تھے

مانسہرہ (شیخ نزیر سے) بسیاں کے مقام پر سیاحوں کی گاڑی کھائی میں جا گری متعدد خواتین سمیت 18 افراد زخمی، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ سیاحتی علاقہ ناران سے واپسی پر سندھ سے تعلق رکھنے والے سیاحوں کی ٹویوٹا گاڑی بسیاں کے مقام پر حادثے کا شکار ہوکر سڑک سے پھسلتے ہوئے کھائی میں جا گری، حادثے میں خواتین سمیت 16 (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

ہزیپور، آیت نور کی بازیابی کیلئے اہل ہزیپور احتجاج کرتے ہوئے

ہزارہ میں مواصلاتی نظام ٹھپ، کاروبار زندگی متاثر، صارفین بے حال

موبائل نیٹ ورکس اور انٹرنیٹ کی رفتار میں کمی، کالز ڈراپ ہونے اور کمزور سگنلز کی شکایات؛ پی ٹی اے اور کمپنیوں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) ہزارہ ڈویژن کے مختلف علاقوں میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس کی سست روی نے صارفین کو مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ شہریوں کے مطابق جاز، زونگ، یوفون، ٹیلی نار سمیت مختلف موبائل نیٹ ورکس پر بعض علاقوں میں انٹرنیٹ کی رفتار انتہائی کم جبکہ کالز کے دوران بار بار رابطہ منقطع ہونے اور کمزور سگنلز کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔ پی ٹی سی ایل کے براڈ بینڈ صارفین بھی بعض علاقوں میں سروس کے معیار سے مطمئن نہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ موجودہ دور میں موبائل اور انٹرنیٹ محض رابطے کا ذریعہ نہیں رہے بلکہ آن لائن کاروبار، بینکاری، تعلیم، سرکاری امور اور روزگار کی متعدد سرگرمیاں انہی سہولیات سے وابستہ ہیں۔ سروس میں سست (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

گلیات کا گرین بیلٹ خطرے میں، جنگلات بچیں گے یا مفادات؟

مقامی کمیونٹی عرصہ دراز سے گلیات کے جنگلات، قدرتی حسن اور ماحول کے تحفظ کے لیے آواز بلند کر رہی ہے، سنگین سوالات اٹھنے لگے

کالا باغ (نمائندہ شمال) گلیات کا گرین بیلٹ خطرے میں جنگلات بچیں گے یا مفادات؟ گلیات میں قدرتی جنگلات اور گرین بیلٹ کے تحفظ پر ایک بار پھر سنگین سوالات اٹھنے لگے مقامی کمیونٹی عرصہ دراز سے گلیات کے جنگلات، قدرتی حسن اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

بجلی مزید مہنگی ہونے کے خدشے پر شہری تشویش میں مبتلا

بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے کی خبروں نے شہریوں میں تشویش پیدا کردی ہے

ہری پور (کرائم رپورٹر) بجلی مزید مہنگی ہونے کے خدشے پر شہری تشویش میں مبتلا ملک میں سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمتوں میں ممکنہ اضافے کی خبروں نے ہری پور کے شہریوں میں تشویش پیدا کردی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پہلے ہی بجلی کے بھاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

کراچی پریس کلب میں صوبہ ہزارہ تحریک کے مرکزی چیف ارگنائزر حاجی خورشید ہزاروی نئے صوبے کے حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں ان کے ساتھ ممبران ارگنائزنگ کمیٹی بھی موجود ہے

مانسہرہ دو ٹویوٹا ہائی ایس گاڑیوں میں تصادم، چار خواتین زخمی

ریسکیو اہلکاروں نے پہنچ کر تمام زخمی خواتین کو ضروری ابتدائی طبی امداد فراہم کی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بائی پاس روڈ پر فوڈ ہٹ ریسٹورنٹ کے قریب دو ٹویوٹا ہائی ایس گاڑیوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں چار خواتین زخمی ہو گئیں۔ حادثے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

موٹر سائیکل پھسلنے کے باعث دو سوار زخمی ہو گئے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ناران بازار عجوہ ریسٹورنٹ کے قریب موٹر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

بٹل سے 14 سالہ لڑکی کے مبینہ اغوا پر والدین کا احتجاج

میڈیکل رپورٹ میں عمر 18 سال ظاہر ہونے پر تحفظات، شفاف تحقیقات اور بازیابی کا مطالبہ

مانسہرہ (چیف رپورٹر) بٹل تھانہ کی حدود سے 14 سالہ لڑکی مبینہ اغواء والدین کا پریس کلب مانسہرہ میں احتجاج۔ تھانہ بٹل کی حدود سے 14 سالہ لڑکی کے مبینہ اغوا کے معاملے پر والدین نے پریس کلب مانسہرہ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حکام سے بیٹی کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13)

سی ڈی اے کی اشتراک سے pcicl نے شجرکاری مہم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سی ڈی اے کی اشتراک سے pcicl نے شجرکاری مہم کا آغاز کیا اسلام آباد، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

اوگی بم بھائی کے قتل سمیت سنگین مقدمات کا مطلوب ملزم گرفتار

عدالت نے دو روزہ جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کردیا، ملزم گرفتاری سے بچنے کیلئے روپوش تھا

اوگی (نامہ نگار) اوگی میں سگے بھائی کے قتل سمیت دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب گرفتار ملزم طارق عزیز کا عدالت نے دو روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے اسے انویسٹی گیشن پولیس کے حوالے کردیا۔ پولیس نے ملزم کو عدالت میں پیش کرکے مزید تفتیش کے لیے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی تھی، جس پر عدالت نے دوروزہ جسمانی ریمانڈ منظور کیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

مانسہرہ، بسیاں سیاحوں کی گاڑی کھائی میں گرنے سے زخمی افراد کو طبی امداد دی جا رہی ہے

ایبٹ آباد، ڈاکٹر وردا مشتاق شہید کی فائل فوٹو

کوہستان داسو ڈیم کی مین ایکس ٹنل میں آگ بھڑکنے کا منظر

داسو ڈیم کی مین ایکسس ٹنل میں کنکریٹ مکسچر کو آگ لگ گئی

عملہ بحفاظت نکال لیا گیا، چار مزدور دھوئیں سے متاثر، آگ پر قابو پالیا گیا

کوہستان (نمائندہ شمال) داسو ڈیم کی مین ایکسس ٹنل میں کنکریٹ مکسچر میں آگ بھڑک اٹھی، عملہ بحفاظت نکال لیا گیا ابتدائی اطلاعات اور موقع پر کیے گئے معائنے کے بعد حکام کے مطابق آج سہ پہر تقریبا 3 بجے داسو ڈیم کی مین ایکسس ٹنل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

ایبٹ آباد میں مرغی فروش بے لگام، من مانے نرخوں پر گوشت کی فروخت

سرکاری نرخ نامہ بے اثر، شہریوں کا انتظامیہ سے فوری کریک ڈاؤن کا مطالبہ

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) مہنگائی کے موجودہ دور میں جہاں عام آدمی پہلے ہی اشیائے خوردونوش کی بڑھتی قیمتوں کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہے وہیں ایبٹ آباد میں مرغی کے گوشت کی فروخت کے حوالے سے شہریوں کی شکایات (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

باڑیاں بازار میں کھلے پٹرول کی سرعام فروخت، انتظامیہ خاموش، عوام پریشان

ضلعی انتظامیہ کی بارکارروائیوں کے باوجود قبضہ مافیا ڈیل کرکے دوبارہ کاروبار شروع کردیتا ہے

باڑیاں (نمائندہ شمال) کے پی اور پنجاب کے سنگم پر واقع باڑیاں بازار میں کھلا پٹرول سرعام فروخت ہونے لگا ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی بار کارروائیوں کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ، 20 کلو تھیلا 3133 روپے تک پہنچ گیا

ایک ہفتے میں بعض شہروں میں 100 روپے تک اضافہ، پشاور میں 3100 روپے قیمت

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ملک میں آٹے کی قیمت میں مزید اضافہ، 20 کلو کا تھیلا 3133 روپے تک پہنچ گیا ادارہ شماریات نے ملک میں آٹے کی قیمتوں سے متعلق تازہ اعداد و شمار جاری کردیے، جس کے مطابق ایک ہفتے کے دوران مختلف شہروں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 18)

ایبٹ آباد کینٹ بورڈ کے مکین بھاری ٹیکسز پر سراپا احتجاج

جائیداد، پانی اور صفائی ٹیکس میں ہزاروں روپے کا اضافہ کرکے وصولی کے لئے دباؤ بڑھایا گیا ہے

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) کینٹ بورڈ کی حدود میں رہائشی کم آمدنی والے افراد کا بھاری ٹیکسز سے جینا مشکل بنا دیا گیا ہے۔ جائیداد، پانی اور صفائی ٹیکس میں یکلخت ہزاروں روپے کا اضافہ کرکے وصولی کے لئے دبا بڑھایا گیا ہے۔ اس ضمن میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 19)

آئی جی ذوالفقار حمید کی سوشل میڈیا پر تبادلے کی خبریں من گھڑت

نہ ذوالفقار حمید تبدیل ہوئے نہ کوئی نیا انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخواہ لگایا گیا

ایبٹ آباد (نامہ نگار) انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخواہ ذوالفقار حمید کی سوشل میڈیا پر تبادلے کی خبریں من گھڑت ہیں۔ نہ ذوالفقار حمید تبدیل ہوئے نہ کوئی نیا انسپکٹر جنرل پولیس خیبر پختونخواہ لگایا ہے پچھلے دو روز سے آئی جی کے تبادلے اور ایف آئی اے کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عثمان انور سابق آئی جی گلگت بلتستان سعید وزیر کی تعیناتی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 20)

گریڈ اکیس کے پولیس افسران ڈاکٹر سہیل تاجک، سعید وزیر اور عباس احسن کی فائل فوٹو

مانسہرہ اسلحہ ڈیلرز کیخلاف کارروائی، 4 گرفتار، اسٹاک رجسٹر سے زائد اسلحہ برآمد

مختلف اسلحہ ڈیلرز کی چیکنگ، 8 رائفلز، 15 بندوقیں، 25 پستول اور درجنوں کارتوس قبضے میں لے لیے گئے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مانسہرہ تھانہ سٹی پولیس کی کارروائی، اسلحہ ڈیلرز کے خلاف مقدمات درج، اسٹاک رجسٹر سے زائد اسلحہ برآمد سٹرکٹ پولیس آفیسر مانسہرہ محمد اظہر خان کی ہدایات پر غیر قانونی اسلحہ کی روک تھام اور اسلحہ ڈیلرز کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں تھانہ سٹی پولیس نے مختلف اسلحہ ڈیلرز کی چیکنگ کے دوران اسٹاک رجسٹر میں درج مقدار سے زائد اسلحہ رکھنے پر کارروائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

حویلیاں، تحصیل حویلیاں کے گاؤں کنگڑ ہوتر کے عمائدین نوجوانوں نے ساتھیوں سمیت پاکستان تحریک انصاف میں شمولیت اختیار کر لی

جنید عالم اور ملک ناظم نے زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ مرکزی تاجر رہنما جنید عالم اور ملک ناظم راجپوت نے گزشتہ روز مانسہرہ کے علاقے بسیاں کے مقام پر پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اور امدادی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 23)

موٹر سائیکل سواروں کی خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

پھلڑہ (نمائندہ شمال) ٹریفک پولیس مانسہرہ کی جانب سے ایس پی ٹریفک مانسہرہ جہانزیب خان کی ہدایت پر ضلع بھر، بالخصوص مانسہرہ شہر اور KKH پر موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے کی جانے والی خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری (بقیہ صفحہ 3 نمبر 24)

ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دیں

ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائی کی جائے، سرکاری نرخ پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، عوام

ہزیپور (اسپیشل رپورٹر) ملک بھر کی طرح ہری پور میں بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے نے شہریوں کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ مقامی مارکیٹ میں کئی مقامات پر ایل پی جی سرکاری نرخ سے کہیں زیادہ قیمت پر فروخت ہونے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں، جس کے باعث صارفین شدید تشویش کا شکار ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث پہلے ہی گھریلو اخراجات پورے کرنا مشکل ہو چکا ہے، جبکہ ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے نے ان کے بجٹ پر مزید بوجھ ڈال دیا ہے۔ گھریلو صارفین، ہوٹل مالکان اور چھوٹے کاروباری افراد نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ ادارے قیمتوں کی مؤثر نگرانی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 21)

بٹگرام پولیس کی کارروائی، غیر قانونی لکڑ سے بھری ڈالسن دھر لی

تھانہ چانجل پولیس ٹیم نے لکڑی قبضے میں لے کر مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے

بٹگرام (بیورو رپورٹ) تھانہ چانجل پولیس کی کارروائی، غیر قانونی قیمتی لکڑی سے بھری ڈالسن پکڑی گئی ڈی پی او بٹگرام قمر حیات خان کی ہدایات پر کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ چانجل سردار شاہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی قیمتی لکڑی سے بھری ڈالسن کو تحویل میں لے کر اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنا دی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 22)

کنگ عبداللہ ہسپتال ڈیلی ویجز ملازمین کی 3 ماہ کی تنخواہ ادا نہ ہوسکی

150 سے زائد ورکرز پریشان، واجبات کی عدم ادائیگی اور کٹوتیوں کی شکایات؛ اسپیکر اسمبلی سے نوٹس کا مطالبہ

مانسہرہ (سٹی رپورٹر+چیف کرائم رپورٹر) کنگ عبداللہ ہسپتال کے ڈیلی ویجز ورکرز کی تین ماہ کی تنخواہیں تاحال ادا نہ ہوسکیں، ڈیڑھ سو سے زائد ملازمین سراپا احتجاج۔ کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ میں ڈیلی ویجز پر خدمات انجام دینے والے قریب ڈیڑھ سو ملازمین کی تین ماہ کی تنخواہیں گزشتہ ایک سال سے ادا نہ سکیں، جس کے باعث متاثرہ غریب ورکرز میں شدید بے چینی پائی جاتی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

کھلابٹ، معاون خصوصی برائے سیاحت و ثقافت ملک عدیل اقبال سولر سسٹم کا افتتاح کرتے ہوئے

تھانہ سٹی پولیس مانسہرہ کا کریک ڈاؤن، متعدد اوباش نوجوان گرفتار

مختلف مقامات پر اچانک چھاپے، ہلڑ بازی اور مشکوک اجتماعات میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) تھانہ سٹی پولیس نے رات گئے درجنوں اوباش لڑکوں کو گرفتار کرلیا۔ ضلعی پولیس سربراہ مانسہرہ محمد اظہر خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع مانسہرہ میں امن و امان خراب کرنے والے عناصر، اوباش نوجوانوں اور غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث افراد کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ایس ایچ او تھانہ سٹی کیڈٹ ثاقب نے پولیس نفری کے ہمراہ رات گئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 25)

ہری پور خانپور میں ٹریفک حادثہ، 3 زخمی، ہسپتال منتقل

خانپور (تحصیل رپورٹر) خانپور میں کھوئی میرا کے قریب موٹر سائیکل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 26)

فدا محمد کنڈہ وا پڈا کے سسر گوجرہ میں انتقال کر گئے

پھلڑہ (نمائندہ شمال) فدا محمد کنڈہ وا پڈا کے سسر گوجرہ میں انتقال (بقیہ صفحہ 3 نمبر 27)

نتھیا گلی، غیر قانونی تعمیرات کے خلاف شفاف تحقیقات کا مطالبہ

ترقی ضرور ہونی چاہیے، مگر قدرتی جنگلات اور ماحول کی قیمت پر نہیں، عوام کا موقف

کالا باغ (نمائندہ شمال) نتھیا گلی گلیات تباہی کے دہانے پر؟ غیر قانونی تعمیرات کے خلاف شفاف تحقیقات کا مطالبہ گلیات کی وہ خوبصورت وادی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 28)

عمران خان کی صحت اور علاج کے لیے ہسپتال منتقلی کا مطالبہ

ISF کا احتجاج کا اعلان، پریس کانفرنس میں آئی ایس ایف کوئٹہ پالس نے تحفظات کا اظہار کیا

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) ایبٹ آباد آئی ایس ایف ہزارہ کے صدر رمیض خان سواتی کی ہدایت پر سابق جنرل سیکرٹری انصاف اسٹوڈنٹس فیڈریشن (ISF) ہزارہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 29)

روزنامہ شمال ایبٹ آباد

ایڈیٹر
خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹرو پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

سروے گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک بینگورہ سوات
0946-711788
مظفر آباد
عقب جی پی او نزد ایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ نزد کاٹے والا موڑز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر :021-2762266-2762241
E-mail:
shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی/اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600
مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر :0300-8111316

ہری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس، سرکلر روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور
تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

ہفتہ 10 ربیع الاول 1448ھ 24 اگست 2026ء 2083ب

آیت نور کی بازیابی، سوال صرف ایک بچی کا نہیں

ہری پور سے پانچ سالہ آیت نور کی گمشدگی کو 14 روز گزر چکے ہیں، مگر اس معصوم بچی کا تاحال کوئی سراغ نہ ملنا پورے معاشرے کیلئے ایک انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ سب سے زیادہ تکلیف دہ پہلو یہ ہے کہ مقدمے میں گرفتاریاں بھی ہو چکی ہیں، ملزمان سے تفتیش اور ریمانڈ کا سلسلہ بھی جاری ہے، بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن بھی کیے جا رہے ہیں، لیکن اس کے باوجود بچی کی بازیابی ممکن نہیں ہو سکی۔ یہ صورتحال صرف آیت نور کے والدین کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا دکھ بن چکی ہے۔ ایک ماں باپ کیلئے اس سے بڑا کرب کیا ہوگا کہ ان کی پانچ سالہ بچی کہاں ہے، کس حال میں ہے اور اسے دوبارہ کب دیکھ سکیں گے، اس کا کوئی جواب ان کے پاس نہیں۔ عوام کا احتجاج دراصل اسی بے بسی اور اضطراب کا اظہار ہے۔ پولیس کی جانب سے تین سو کے قریب اہلکاروں، افسران اور لیڈی پولیس کے ذریعے سرچ آپریشن یقیناً قابلِ ذکر کوشش ہے، لیکن نتیجہ خیز تفتیش کیلئے صرف بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن کافی نہیں۔ گرفتار ملزمان سے حاصل ہونے والی معلومات کی سائنسی اور تکنیکی بنیادوں پر چھان بین، شواہد کا فرانزک تجزیہ، سی سی ٹی وی فوٹیج، موبائل ڈیٹا اور دیگر دستیاب ذرائع کو مربوط انداز میں استعمال کرنا ضروری ہے۔ اگر ملزمان کے بیانات میں تضاد ہے تو اس تضاد کو دور کرنا بھی تفتیش کا بنیادی حصہ ہونا چاہیے۔ عدالت کی جانب سے یہ سوال اٹھایا جانا کہ کئی روز سے ملزمان پولیس کی تحویل میں ہونے کے باوجود تفتیش میں کیا پیش رفت ہوئی، ایک اہم نکتہ ہے۔ اس سوال کا تسلی بخش جواب صرف عدالت ہی نہیں بلکہ آیت نور کے والدین اور پوری عوام کو بھی ملنا چاہیے۔ عوام کو افواہوں کے بجائے مستند اور ذمہ دارانہ معلومات فراہم کی جائیں تاکہ قیاس آرائیوں اور بے چینی میں مزید اضافہ نہ ہو۔ اس معاملے میں پولیس اور انتظامیہ کیلئے سب سے اہم ترجیح آیت نور کی بحفاظت بازیابی ہونی چاہیے۔ کسی بھی تفتیشی کامیابی کا اصل پیمانہ یہی ہوگا کہ بچی کہاں ہے، اسے کس حالت میں رکھا گیا ہے اور اسے بحفاظت اپنے والدین تک کیسے پہنچایا جاتا ہے۔ ساتھ ہی اگر کسی شخص کے خلاف جرم ثابت ہوتا ہے تو قانون کے مطابق سخت کارروائی بھی یقینی بنائی جانی چاہیے۔ آیت نور کی گمشدگی ہمیں یہ سوچنے پر بھی مجبور کرتی ہے کہ بچوں کے تحفظ کے موجودہ نظام میں کہاں خامیاں موجود ہیں۔ ایسے واقعات کی روک تھام کیلئے پولیس، انتظامیہ، تعلیمی اداروں، والدین اور مقامی کمیونٹی کو مشترکہ طور پر مؤثر حفاظتی نظام تشکیل دینا ہوگا۔ آج ہری پور کے عوام کا مطالبہ بالکل واضح ہے: آیت نور کو بازیاب کیا جائے۔ اس مطالبے کو احتجاج یا سیاسی بیان تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ تمام متعلقہ اداروں کو ایک مربوط، شفاف اور نتیجہ خیز کوشش کے ذریعے اس معصوم بچی کو اس کے والدین تک پہنچانا ہوگا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ہر لمحہ مزید اہم ہوتا جا رہا ہے، اس لیے اب صرف یقین دہانی نہیں، عملی نتیجہ درکار ہے۔

۔۔شانگلہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر گورنمنٹ پرائمری سکول کوز پاؤ چلیسر کے دورہ کے موقع پر۔۔۔

علاج متعلق فیصلہ پر علمدرآمد نہ ہونا ذمہ داری وزیراعظم پر ہے، آفریدی

بونیر (نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ عمران خان کے علاج سے متعلق پریم کورٹ کے تین ججز کے حکم پر عملدرآمد نہ ہونے کی تمام تر ذمہ داری وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز پر عائد ہوتی ہے۔ تین ججز نے عمران خان کا ان کی بہن اور ذاتی معالج کی موجودگی میں شفا انٹرنیشنل اسپتال میں علاج کرانے کا حکم دیا، مگر جعلی حکومت نے اس حکم کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا۔ یہ صرف تین ججز نہیں بلکہ پوری عدلیہ کی توہین ہے۔ وزیراعلیٰ نے ان خیالات کا اظہار 27 ستمبر کے لانگ مارچ کی تیاریوں کے سلسلے میں ضلع بونیر کے ایک روزہ دورے کے دوران سواڑی چوک میں اسٹریٹ موومنٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر جنید اکبر خان، صوبائی وزراء، شیخ جان، مینا خان آفریدی اور دیگر صوبائی و مقامی رہنماؤں نے بھی اسٹریٹ موومنٹ میں شرکت کی۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ جعلی حکمرانوں کو آئین و قانون کا کوئی ڈر نہیں اور وہ خود کو آئین سے بالاتر سمجھتے ہیں۔ ہمیں ان حق پرست ججز کا ساتھ دینا ہے جو انصاف کرتے ہیں اور عوامی امنگوں پر پورا اترتے ہیں۔ ایک ہی ملک میں طاقتور کے لیے الگ قانون اور کمزور کے لیے الگ قانون، یہ ہم نہیں ہونے دیں گے۔ 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے حوالے سے وزیراعلیٰ نے کہا کہ 27 ستمبر کو 40 لاکھ لوگ اپنا مقدمہ لڑنے کے لیے نکلیں گے اور اس بار خالی ہاتھ واپس نہیں آئیں گے، 27 ستمبر کو انقلاب ہوگا۔ ہم 27 ستمبر کو نکلیں گے اور گولی و بندوق سے نہیں ڈریں گے۔ ہمیں حقیقی آزادی لینی ہے یا شہادت قبول کرنی ہے، تیسرا کوئی راستہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نوجوانوں کے درمیان ہیں اور وہ عوامی طاقت سے باہر آئیں گے۔ جس طرح عمران خان قربانی دے رہے ہیں، اسی طرح ہم بھی قربانی دینے سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ ہمیں کوئی ایک انچ بھی اپنے مقصد سے پیچھے نہیں ہٹا سکتا۔ کارکنوں کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ آپ کو ڈائیورٹ کرنے کی کوشش کریں گے، مگر آپ نے ڈائیورٹ نہیں ہونا۔ محمد سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمیں اس شخص کا ساتھ دینا ہے جس نے ''بیرونی غلامی کے خلاف'' ایبسولوٹلی ناٹ'' کہا۔ عمران خان واحد لیڈر ہیں جو اس ملک کو بچا سکتے ہیں، معیشت بہتر کر سکتے ہیں اور ملک کو حقیقی خودمختاری دے سکتے ہیں۔ عمران خان قومی یکجہتی کی ضمانت ہیں اور وہی اداروں کی عزت بحال کرا سکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عمران خان ہماری آئندہ نسلوں کے لیے قربانی دے رہے ہیں، اس لیے ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہم عمران خان کے لیے نکلیں۔ انہوں نے کہا کہ بونیر کے لوگوں نے ہمیشہ عمران خان سے محبت کی ہے۔

عالمی طاقتیں برہم، اسرائیل بدستور پر اعتماد

برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی اور کینیڈا سمیت متعدد مغربی ممالک نے مقبوضہ مغربِ اردن کے E1 علاقے میں اسرائیلی بستیوں کے نئے منصوبے کو سخت الفاظ میں مسترد کرتے ہوئے اسے ناقابلِ قبول قرار دیا ہے۔ ان ممالک نے خبردار کیا ہے کہ یہ منصوبہ مشرقی یروشلم کو غربِ اردن کے دیگر علاقوں سے مزید الگ کر سکتا ہے اور ایک قابلِ عمل فلسطینی ریاست کے قیام کی راہ میں سنگین رکاوٹ بن سکتا ہے۔

یہ سوال اپنی جگہ انتہائی اہم ہے کہ جب دنیا کی بڑی طاقتیں اور مغربی ممالک کسی اقدام کو بین الاقوامی قانون کے منافی اور امن کے لیے نقصان دہ قرار دیتے ہیں تو کیا محض مذمت اسرائیل کو اپنا منصوبہ روکنے پر مجبور کر سکتی ہے؟ موجودہ حالات کا جائزہ لیا جائے تو اس سوال کا جواب اتنا آسان نہیں، کیونکہ گزشتہ کئی دہائیوں میں اسرائیلی بستیوں کے معاملے پر شدید عالمی مخالفت کے باوجود عملی طور پر ان کی توسیع کا سلسلہ مکمل طور پر نہیں رک سکا۔

E1 منصوبہ اس لیے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے کہ یہ صرف چند نئی رہائشی عمارتوں کی تعمیر کا معاملہ نہیں بلکہ غربِ اردن کے جغرافیائی مستقبل سے جڑا ہوا مسئلہ ہے۔ ماہرین کے مطابق اس علاقے میں بڑے پیمانے پر تعمیرات مشرقی یروشلم اور غربِ اردن کے درمیان فلسطینی رابطے کو مزید پیچیدہ بنا سکتی ہیں اور فلسطینی ریاست کے لیے درکار مسلسل جغرافیائی رقبے کو متاثر کر سکتی ہیں۔

بین الاقوامی سطح پر عام طور پر دو ریاستی حل سے مراد یہ ہے کہ اسرائیل کے ساتھ ایک الگ اور قابلِ عمل فلسطینی ریاست بھی قائم ہو، جس میں فلسطینی عوام کو اپنے سیاسی مستقبل کا اختیار حاصل ہو۔ لیکن اگر غربِ اردن کے مختلف علاقوں میں اسرائیلی بستیاں مسلسل پھیلتی رہیں اور فلسطینی علاقوں کے درمیان رابطہ محدود ہوتا جائے تو مستقبل کی فلسطینی ریاست کا عملی نقشہ مزید مشکل ہوتا جائے گا۔

اسی وجہ سے برطانیہ اور اس کے اتحادیوں نے E1 منصوبے کو صرف ایک تعمیراتی منصوبہ نہیں بلکہ امن کے سیاسی عمل کے لیے خطرہ قرار دیا ہے۔ مشترکہ بیان میں اسرائیل سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ اس منصوبے کو واپس لے اور آبادکاری کی سرگرمیوں کو روکے۔ بعض ممالک نے یہ بھی خبردار کیا ہے کہ منصوبے میں شامل کاروباری اداروں کو قانونی اور ساکھ سے متعلق نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

اس معاملے کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس مرتبہ مخالفت صرف عرب اور مسلم ممالک تک محدود نہیں رہی بلکہ یورپ، کینیڈا اور دیگر مغربی ممالک نے بھی کھل کر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یہ سفارتی طور پر اسرائیل کے لیے ایک اہم پیغام ضرور ہے، کیونکہ ان ممالک کے اسرائیل کے ساتھ سیاسی، اقتصادی اور دفاعی تعلقات بھی موجود ہیں۔

تاہم اسرائیل کی موجودہ حکومت کا رویہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ محض سفارتی دباؤ شاید کافی نہ ہو۔ اسرائیلی حکومت کے اندر دائیں بازو کے حلقے طویل عرصے سے غربِ اردن میں یہودی بستیوں کی توسیع کے حامی رہے ہیں اور بعض اہم اسرائیلی سیاست دان دو ریاستی حل ہی کی مخالفت کرتے رہے ہیں۔ اسی لیے بین الاقوامی مذمت اور اسرائیلی داخلی سیاست کے درمیان ایک واضح تضاد نظر آتا ہے۔

بین الاقوامی قانون کے حوالے سے بھی عالمی برادری کا مؤقف واضح رہا ہے کہ مقبوضہ علاقوں میں اسرائیلی بستیاں غیر قانونی ہیں۔ برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی اور دیگر ممالک نے ماضی میں بھی اس مؤقف کو دہرایا ہے اور E1 کے حوالے سے واضح کیا ہے کہ بین الاقوامی قانون کے اصول یہاں بھی لاگو ہوتے ہیں۔ لیکن مسئلہ یہ ہے کہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی اور اس کے نفاذ کے درمیان ایک بڑا خلا موجود ہے۔ اگر کسی ملک کو معلوم ہو کہ عالمی مذمت تو ہوگی لیکن اس کے نتیجے میں فوری اور مؤثر سیاسی یا اقتصادی قیمت ادا نہیں کرنا پڑے گی تو صرف بیانات اس کی پالیسی تبدیل کرنے کے لیے کافی نہیں ہوتے۔

یہی وجہ ہے کہ اب اصل توجہ اس بات پر ہے کہ مغربی ممالک اپنی مذمت کو عملی اقدامات میں کس حد تک تبدیل کرتے ہیں۔ اگر بیانات کے ساتھ آبادکاری سے منسلک افراد اور اداروں پر پابندیاں عائد کی جائیں، settlement-related تجارت پر سخت اقدامات کیے جائیں یا دیگر اقتصادی و سفارتی دباؤ استعمال کیا جائے تو اسرائیلی حکومت کے لیے اس منصوبے کی قیمت بڑھ سکتی ہے۔

برطانیہ کے حوالے سے حالیہ رپورٹس میں یہ بھی سامنے آیا ہے کہ حکومت اسرائیلی بستیوں سے متعلق تجارت پر ممکنہ پابندیوں اور مزید اقدامات پر غور کر رہی ہے۔ اگر ایسے اقدامات حقیقت میں نافذ ہوتے ہیں تو یہ محض سفارتی مذمت سے ایک قدم آگے ہوگا اور اسرائیل کو براہِ راست اقتصادی اور سیاسی دباؤ کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ اسرائیل کے ساتھ مغربی ممالک کے تعلقات انتہائی

پیچیدہ ہیں۔ دفاع، تجارت، ٹیکنالوجی، انٹیلی جنس اور علاقائی سلامتی جیسے معاملات میں اسرائیل کے ساتھ ان ممالک کے گہرے مفادات وابستہ ہیں۔ اس لیے یہ توقع کرنا کہ چند بیانات کے بعد وہ فوراً اسرائیل کے خلاف انتہائی سخت پابندیاں عائد کر دیں گے، شاید حقیقت پسندانہ نہ ہو۔

اسرائیلی بستیوں کا معاملہ گزشتہ کئی دہائیوں سے اسی تضاد کا شکار رہا ہے۔ ایک طرف عالمی برادری فلسطینی علاقوں میں آبادکاری کی مخالفت کرتی رہی، جبکہ دوسری طرف عملی سطح پر ایسی مضبوط پالیسی تشکیل نہیں دی جا سکی جو آبادکاری کی توسیع کو مستقل طور پر روک سکے۔

اس صورتحال میں غربِ اردن میں آبادکاروں کے تشدد نے مسئلے کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق 2026 میں آبادکاروں اور اسرائیلی فورسز سے متعلق تشدد میں فلسطینیوں کی ہلاکتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جبکہ اقوام متحدہ کی جانب سے آبادکاروں کے تشدد کو نئی بلند سطح تک پہنچنے پر تشویش ظاہر کی گئی ہے۔

حالیہ واقعات میں فلسطینی دیہات کے رہائشیوں نے آبادکاروں کے حملوں، گھروں پر دھاووں، زمینوں پر قبضے اور خوف و ہراس کے واقعات کی شکایات کی ہیں۔ بعض رپورٹس کے مطابق 2026 میں آبادکاروں کے تشدد اور متعلقہ حالات کے باعث ہزاروں فلسطینیوں کو اپنے علاقوں سے بے گھر ہونا پڑا ہے۔

یہ صورتحال اس لیے بھی تشویشناک ہے کہ بستیوں کی توسیع اور آبادکاروں کے تشدد کو دو الگ الگ مسائل کے طور پر دیکھنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ جب نئی بستیاں تعمیر ہوتی ہیں، نئی سڑکیں اور انفراسٹرکچر قائم ہوتا ہے اور فلسطینی آبادی کے اردگرد اسرائیلی آبادکاری بڑھتی ہے تو مقامی فلسطینیوں کے لیے اپنی زمین، نقل و حرکت اور روزمرہ زندگی کو برقرار رکھنا مزید مشکل ہو سکتا ہے۔

اسرائیل کی طرف سے عمومی طور پر سیکورٹی اور تاریخی و مذہبی دعووں کو اپنی پالیسیوں کے جواز کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، جبکہ فلسطینی اور بیشتر بین الاقوامی ادارے اسے مقبوضہ علاقے میں مستقل آبادکاری کے طور پر دیکھتے ہیں۔ یہی بنیادی اختلاف اس تنازع کو کئی دہائیوں سے حل طلب رکھے ہوئے ہے۔

یہاں امریکہ کا کردار بھی فیصلہ کن اہمیت رکھتا ہے۔ اگرچہ یورپی ممالک اور کینیڈا کی جانب سے سخت بیانات اسرائیل پر سفارتی دباؤ بڑھا سکتے ہیں، لیکن واشنگٹن کی پالیسی کسی بھی بڑے اقدام کے اثرات کو نمایاں طور پر تبدیل کر سکتی ہے۔ اگر امریکہ بھی E1 منصوبے کے خلاف واضح اور عملی دباؤ ڈالے تو اسرائیل کے لیے بین الاقوامی تنہائی کا خطرہ کہیں زیادہ بڑھ سکتا ہے۔

اسی طرح عرب اور مسلم ممالک کا متحدہ سفارتی مؤقف بھی اہم ہے۔ اگر عرب دنیا، یورپی ممالک، کینیڈا اور دیگر ممالک ایک مشترکہ حکمت عملی اختیار کریں اور صرف مذمت کے بجائے عملی سفارتی و اقتصادی اقدامات پر توجہ دیں تو اسرائیل کے لیے آبادکاری کی پالیسی جاری رکھنا زیادہ مشکل ہو سکتا ہے۔

لیکن اس کے باوجود ایک بنیادی حقیقت کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا: بین الاقوامی دباؤ اسی وقت مؤثر ہوتا ہے جب اس کے ساتھ واضح نتائج بھی وابستہ ہوں۔ اگر اسرائیلی حکومت یہ سمجھتی رہے کہ اسے صرف بیانات، قراردادوں اور سفارتی احتجاج کا سامنا کرنا پڑے گا تو اس کے لیے اپنی پالیسی تبدیل کرنے کی ترغیب محدود رہے گی۔

E1 منصوبہ دراصل فلسطینی مسئلے کے مستقبل کے بارے میں ایک بڑے سوال کی علامت بن چکا ہے۔ اگر دو ریاستی حل اب بھی عالمی برادری کی سرکاری پالیسی ہے تو پھر اسے صرف سفارتی بیانات میں زندہ رکھنے کے بجائے زمین پر اس کے امکانات کو بھی محفوظ رکھنا ہوگا۔ مسلسل آبادکاری، زمینوں کی تقسیم اور فلسطینی علاقوں کے درمیان بڑھتی ہوئی رکاوٹیں اس مقصد کو مزید مشکل بنا سکتی ہیں۔

اس لیے موجودہ بین الاقوامی مذمت کو مکمل طور پر بے معنی قرار دینا بھی درست نہیں ہوگا۔ مشترکہ بیان اسرائیل پر سیاسی دباؤ بڑھاتا ہے، آبادکاری کے خلاف عالمی اتفاقِ رائے کو نمایاں کرتا ہے اور مستقبل میں ممکنہ پابندیوں یا قانونی اقدامات کے لیے بنیاد فراہم کر سکتا ہے۔ لیکن صرف مذمت، بغیر عملی اقدامات کے، غالباً E1 منصوبے کو روکنے کے لیے کافی نہیں ہوگی۔

اصل امتحان اب برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، کینیڈا اور دیگر ممالک کا ہے کہ وہ اپنے سخت الفاظ کو کس حد تک عملی پالیسی میں تبدیل کرتے ہیں۔ اگر وہ آبادکاری سے فائدہ اٹھانے والے اداروں اور افراد کے خلاف مؤثر اقدامات، تجارتی پابندیوں، سفارتی دباؤ اور بین الاقوامی قانون کے نفاذ پر متفق ہوتے ہیں تو اسرائیل پر حقیقی دباؤ پیدا ہو سکتا ہے۔

بالآخر مسئلہ صرف ایک نئی بستی یا چند ہزار مکانات کا نہیں بلکہ اس سوال کا ہے کہ مشرقِ وسطیٰ میں مستقبل کی فلسطینی ریاست کے لیے زمین اور سیاسی گنجائش باقی رہے گی یا نہیں۔ اگر عالمی برادری واقعی دو ریاستی حل کو قابلِ عمل سمجھتی ہے تو اسے اس حل کے امکانات کو ختم کرنے والی پالیسیوں کے خلاف محض احتجاج نہیں بلکہ مؤثر اقدامات بھی کرنا ہوں گے۔

آج کی صورتحال یہ بتاتی ہے کہ عالمی برادری کی زبان پہلے سے زیادہ سخت ضرور ہوئی ہے، مگر اصل تبدیلی کا فیصلہ عملی اقدامات کریں گے۔ اگر مذمت کے بعد کوئی قیمت ادا نہیں کرنی پڑتی تو تاریخ گواہ ہے کہ ایسی مذمتیں اکثر خبروں کی سرخیوں تک محدود رہ جاتی ہیں۔ لیکن اگر سفارتی الفاظ کے ساتھ اقتصادی، قانونی اور سیاسی نتائج بھی سامنے آئیں تو یہی بین الاقوامی دباؤ اسرائیلی آبادکاری کی پالیسی پر حقیقی اثر ڈال سکتا ہے۔

بگرام، مشیر کھیل تاج محمد خان ترند اور مشیر صنعت و تجارت ہمایون خان کوزہ بانڈہ سپر لیگ سیزن 3 کی افتتاحی تقریب کے موقع پر سٹیج پر موجود ہیں

۔۔۔۔۔۔۔شانگلہ، ٹریفک حادثہ میں زخمی ہونیوالے افراد کو ریسکیو اہلکار ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال الپوری منتقل کر رہے ہیں۔۔۔۔۔۔

سیاسی منظر نامہ، مانسہرہ NA 15

گستاسپ خان کی مضبوط ہوتی گرفت اور مسلم لیگ ن کے لیے آئندہ انتخابی چیلنج

مانسہرہ کی سیاست ہمیشہ سے خیبر پختونخوا بلکہ ملکی سیاست میں خصوصی اہمیت رکھتی رہی ہے۔ یہاں انتخابی مقابلے صرف سیاسی جماعتوں کے درمیان نہیں ہوتے بلکہ امیدواروں کی ذاتی ساکھ، خاندانی و سماجی تعلقات، مقامی اثر و رسوخ، عوامی رابطے اور ووٹر کے علاقے سے وابستہ جذبات بھی انتخابی نتائج میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

قومی اسمبلی کا حلقہ NA-15 مانسہرہ کم تو رغر گزشتہ عام انتخابات میں پورے ملک کی توجہ کا مرکز بنا، جب مسلم لیگ) ن (کے قائد اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے اس حلقے سے انتخاب لڑا۔ مقابلے میں پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار شہزادہ محمد گستاسپ خان تھے۔ انتخابی نتائج نے ملکی سیاست میں ایک بڑا سیاسی پیغام دیا اور گستاسپ خان نے ایک لاکھ سے زائد ووٹ حاصل کرتے ہوئے نواز شریف کو نمایاں مارجن سے شکست دی۔ سرکاری طور پر جاری نتائج کے مطابق گستاسپ خان نے 105,259 ووٹ جبکہ نواز شریف نے 80,413 ووٹ حاصل کیے۔

یہ کامیابی صرف ایک امیدوار کی کامیابی نہیں تھی بلکہ مانسہرہ اور تو رغر کے عوام کے سیاسی مزاج کا بھی اظہار تھی۔

نواز شریف کے مقابلے میں کامیابی کی سیاسی اہمیت

کسی عام امیدوار کو شکست دینا اور ملک کی ایک بڑی سیاسی شخصیت کو شکست دینا، دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہوتا ہے۔ نواز شریف پاکستان کے بڑے سیاسی ناموں میں شمار ہوتے ہیں اور مسلم لیگ ن کا ایک منظم ووٹ بینک رکھتے ہیں۔ ایسے امیدوار کے مقابلے میں کامیابی نے شہزادہ محمد گستاسپ خان کو مقامی سیاست میں ایک مضبوط اور نمایاں مقام دیا۔

گزشتہ الیکشن میں ان کی کامیابی کے کئی پہلو تھے۔ ایک طرف تحریک انصاف کے ووٹرز اور کارکنان کی بھرپور سیاسی حمایت موجود تھی، جبکہ دوسری طرف گستاسپ خان کا اپنا ذاتی سیاسی حلقہ، مقامی روابط اور مختلف علاقوں میں موجود حمایتی ووٹ بھی انتخابی کامیابی میں اہم عنصر ثابت ہوا۔

یہی وہ پہلو ہے جو آئندہ انتخابات میں بھی سب سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔

گستاسپ خان کا ذاتی ووٹ بینک

ہر سیاسی جماعت کا اپنا ووٹ بینک ہوتا ہے، لیکن ہر امیدوار کا ذاتی ووٹ بینک نہیں ہوتا۔ یہی فرق بعض اوقات بڑے سے بڑے انتخابی مقابلے کا رخ تبدیل کر دیتا ہے۔

شہزادہ محمد گستاسپ خان کی سیاست کا ایک اہم پہلو یہ ہے کہ وہ صرف جماعتی شناخت کے سہارے سیاست نہیں کرتے بلکہ ان کا اپنا ایک سیاسی اور سماجی حلقہ بھی موجود ہے۔ مانسہرہ کے مختلف علاقوں میں ان کے خاندان، سماجی تعلقات، کارکنان اور پرانے سیاسی روابط موجود ہیں۔

گزشتہ انتخابی کامیابی کے بعد ان کے سیاسی قد میں مزید اضافہ ہوا۔ ایک ایسے وقت میں جب بہت سے سیاستدان الیکشن کے بعد عوامی رابطے میں کمزور پڑ جاتے ہیں۔ کسی حلقہ میں مسلسل سیاسی موجودگی، کارکنوں سے رابطے اور عوامی مسائل دلچسپی ایک امیدوار کی سیاسی بنیاد کو مضبوط کرتی ہے۔ اس لیئے آئندہ الیکشن میں گستاسپ خان کو صرف ایک جماعت کے امیدوار کے طور پر دیکھنا شاید درست نہ ھو۔ ان کی طاقت میں ان کا ذاتی ووٹ بنک بھی شامل ہے۔ جو کسی بھی انتخابی معرکے میں فیصلہ کن حیثیت اختیار کر سکتا ہے۔

گزشتہ انتخابات سے پہلے مسلم لیگ ن کے لیے مانسہرہ ایک اہم میدان ضرور تھا۔ مگر NA15 کے نتائج نے ثابت کر دیا کہ یہ حلقہ اب کسی بھی جماعت کیلئے محفوظ انتخابی میدان نہیں رہا۔ شہزادہ گستاسپ خان کی کامیابی کے بعد اس حلقے کی سیاسی فضا تبدیل ہوئی ہے۔ اب مقابلہ یہاں جماعتی ووٹوں کا نہیں بلکہ مضبوط امیدوار کی سیاسی حیثیت کا بھی ہوگا۔ آئندہ الیکشن میں مسلم لیگ کو سوچنا

ہوگا کہ وہ کس امیدوار کو میدان میں اتارتی ہے۔ کیونکہ گستاسپ خان جیسے امیدوار کے مقابلے میں صرف پارٹی ٹکٹ کافی نہیں ہوگا۔ گستاسپ خان کے مضبوط عوامی رابطے کا مقابلہ کرنا ابھی مشکل ہے۔ انتخابی مہم کو صرف جلسوں تک محدود رکھنے کے بجائے گراس روٹ سطح جانا ہوگا۔

پاکستان کی سیاست میں گزشتہ NA15 نے یہ ثابت کیا کہ دونوں عوامل اہم ہیں۔ تحریک انصاف کے ووٹر کی وابستگی ایک طرف تھی۔۔ لیکن امیدوار کی اپنی مقامی شناخت اور ذاتی ووٹ بھی ایک اہم حقیقت ہے۔ آئندہ انتخابات میں بھی یہی سوال مرکزی حیثیت اختیار کرے گا۔ اگر سیاسی حالات میں بھی جماعتی وابستگیاں تبدیل ہوتی ہیں۔ لکٹوں کے فیصلے بدلتے ہیں۔۔ یا نئے اتحاد بنتے ہیں۔۔ تو بھی امیدوار کا ذاتی ووٹ اپنی اہمیت برقرار رکھ سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گستاسپ خان کی اصل سیاسی طاقت جائزہ صرف جماعتی سیاست کے ذریعے نہیں بلکہ ان ذاتی سیاسی حیثیت کے ذریعے بھی لینا ہوگا

انتخابی حلقہ NA15 ایک وسیع اور متنوع حلقہ ہے۔ جس میں مانسہرہ کے مختلف دیہی علاقے اور ضلع بعض اوقات بڑے سے بڑے انتخابی مقابلے کا رخ تبدیل کر دیتا ہے۔ انتخابی سیاست شہری اور دیہی مسائل۔ مقامی شخصیات۔ برادریوں، علاقوں اور سیاسی روابط سے متاثر ہوتی ہیں۔ گزشتہ عام انتخابات میں اس حلقے میں 645049 رجسٹرڈ ووٹر تھے۔ اور 247660 ووٹ ڈالے گئے۔ اس وسیع حلقہ میں کامیابی کیلئے امیدوار کو صرف مرکزی جلسے کافی نہیں ہوتے۔۔ بلکہ یونین کونسل اور مقامی سطح پر مضبوط نٹ ورک اور علاقے میں موثر سیاسی رابطے کی ضرورت ہوتی ہے۔

کیا اس حلقے میں مسلم لیگ کا امیدوار مقامی سطح پر منتشر ووٹ کو یکجا کرنے میں مشکلات کا شکار نہیں ہوگا۔۔۔؟ یہ تمام سوالات آئندہ انتخابات میں فیصلہ کن ہونگے۔ مسلم لیگ)ن (اگر ایک مضبوط امیدوار سامنے لاتی ہے۔ ۔ اور اپنے تنظیمی ڈھانچے کو متحرک کرنے میں کامیاب ہوگی۔۔۔؟

گزشتہ انتخابی کامیابی کے بعد گستاسپ خان اب ایک مختلف سیاسی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کا نام صرف مقامی امیدواروں کی فہرست میں شامل نہیں بلکہ وہ اس حلقے کے سب نمایاں سیاسی کرداروں میں شمار ہوتے ہیں۔

نواز شریف جیسے بڑے سیاسی نام کو مشکل حالات میں شکست دینے کے بعد ان کی سیاسی شناخت میں اضافہ ہوا ہے۔ اور اب مخالفین بھی انہیں ایک سنجیدہ اور مضبوط امیدوار کے طور پر دیکھنے پر مجبور ہیں۔

یہ سیاسی مقام آئندہ انتخابات میں ان کے لیئے فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ مگر اس کے ساتھ ذمہ داری بھی بڑھ جاتی ہے۔

موجودہ سیاسی منظر نامہ میں ایک بات واضح ہے کہ شہزادہ گستاسپ خان کو NA15 سے نظرانداز کیا جا تا ہے۔ تو سیاست کا تجزیہ مکمل نہیں ہو سکتا۔ وہ گزشتہ الیکشن کے فاتح ہیں۔ ان کے پاس ایک مضبوط سیاسی شناخت موجود ھے۔ اور حلقے میں ان کے ذاتی ووٹ بنک کو بھی ایک اہم سیاسی حقیقت سمجھا جاتا ھے۔

مانسہرہ کی سیاست میں NA15 آئندہ انتخابات میں ایک مرتبہ پھر دلچسپ، سخت اور غیر معمولی توجہ کا مرکز بن سکتی ہے۔ گزشتہ انتخابات میں گستاسپ خان نے ملک کی بڑی سیاسی شخصیت نواز شریف کو اچھے مارجن سے شکست دے کر اپنی سیاسی صلاحیت ثابت کی ہے۔ اس کامیابی کے بعد انہوں نے حلقے میں اپنی سیاسی موجودگی اور روابط کو برقرار رکھنے کی کوشش کی جبکہ ان کا اپنا ذاتی بنک ووٹ بھی انتخابی کی سیاسی طاقت کا ا

1

زرق کا کہنا ہے کہ مریض اب 40 سے 30 منٹ میں ڈائلاسز مکمل کر کے گھر جا سکتے ہیں۔

2

ہیڈ ماسٹر ۔ ۔ ۔

گلیات کا گرین بیلٹ خطرے میں، جی ڈی اے نے گلیات کو چاغی کے پہاڑ بنانے کی ٹھان لی

بٹگرام تھانہ چانجل پولیس کی کارروائی منشیات فروشی میں ملوث ملزم گرفتار

تھانہ چانجل کی کارروائی کے دوران پکڑی جانیوالی غیرقانونی قیمتی لکڑی

پھلڑہ پٹواری سیف علی راجہ شمس لساں ٹھکرال میں دخل حدبراری کر رہے ہیں

کنگ عبداللہ ہسپتال کا ایس فور ایسوسی ایشن انتخابات، الفتح گروپ کامیاب

قاری شفیع معاویہ صدر، محمد رضوان جنرل سیکرٹری منتخب؛ الفتح گروپ نے 75 ووٹ لے کر میدان مار لیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر+ڈسٹرکٹ نامہ نگار) کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال میں کلاس فور ایسوسی ایشن کے انتخابات، الفتح گروپ کامیاب، قاری شفیع صدر جبکہ محمد رضوان جنرل سیکرٹری منتخب، تفصیلات کے مطابق کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ میں بیرا میڈیکل کلاس فور ایسوسی ایشن کے انتخابات نہایت پرامن، شفاف اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئے جس میں تین گروپس نے بھرپور حصہ لیا۔ انتخابات کے نتائج کے مطابق الفتح گروپ نے 75 ووٹ حاصل کر کے واضح کامیابی حاصل کرلی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 42)

حویلیاں، پروفیسر عظمت علی، سابق تحصیل ناظم اسحاق ذکریا اور سید رمضان شاہ سیفٹی کورس کی تقسیم اسناد سے خطاب کر رہے ہیں

مقتولہ بیوہ محمد مسکین کے قاتل جلد قانون کی گرفت میں ہوں گے

ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں، ایس ایچ او لساں نواب

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مقتولہ بیوہ محمد مسکین کے قاتلوں کی گرفتاری تک چین سے نہیں بیٹھیں گے ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں ایس ایچ او تھانہ لساں نواب سید صمصام الاسلام شاہ نے کہا ہے کہ بریلہ میں قتل ہونے والی بیوہ محمد مسکین مرحوم کے ملزمان کی گرفتاری کے لئے تمام تر وسائل بروئے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 30)

نادرن بائی پاس ناصر باغ کے قریب پل سیلاب میں بہہ گیا

تین ماہ بعد بھی بحالی کا کام شروع نہ ہوسکا، پل نادرن بائی پاس کا انتہائی اہم حصہ

پشاور (نمائندہ خصوصی) نادرن بائی پاس پر ناصر باغ کے قریب نالے پر تعمیر شدہ پل اور اس سے منسلک سڑک، جو تقریباً چھ ماہ قبل کارپٹ کی گئی تھی، مون سون کی بارشوں کے دوران آنے والے سیلابی ریلے میں بہہ گئی۔ علاقہ مکینوں کے مطابق پل کے ارد گرد تعمیر کیے گئے حفاظتی پشتوں میں ناقص میٹریل استعمال کیا گیا تھا، جس کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر31)

موضع گیال میں دخل کی کارروائی بغیر کسی تصادم کے مکمل کرلی گئی

قانون کی پاسداری، پٹواریوں کی جانب سے حدبراری کو تسلیم کرتے ہوئے دخل دے دیا

پھلڑہ (نمائندہ شمال) لساں ٹھکرال کے موضع گیال میں دخل کی کارروائی بغیر کسی تصادم کے مکمل کرلی گئی پٹواری سیف علی راجہ شمس لساں ٹھکرال کے موضع گیال میں دخل دلانے کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے گئے ہیں کے اہلکاروں نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 32)

عوامی تحریک وفد کی ڈی پی او ہریپور سے ملاقات، امن وامان پر تبادلہ خیال

عوام اور پولیس میں مضبوط رابطہ ہی پرامن معاشرے کی بنیاد ہے، شفیع اللہ گنڈاپور

کھلاڑ (نامہ نگار) پاکستان عوامی تحریک کی ڈی پی او ہری پور سے اہم ملاقات امن وامان اور عوامی مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال پاکستان عوامی تحریک ہزارہ زون کے صدر ڈاکٹر جہانگیر خان عباسی نے عوامی رابطہ کمیٹی کے وفد کے ہمراہ ڈی پی او ہری پور شفیع اللہ خان گنڈاپور سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ضلع ہری پور میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 33)

مانسہرہ، محکمہ فوڈ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان، ملاوٹ مافیا بے لگام

محکمہ فوڈ کے افسران کی کارروائیاں زیادہ تر فوٹو سیشن اور کاغذی کارروائی تک محدود

پھلڑہ (نمائندہ شمال) مانسہرہ میں محکمہ فوڈ کی کارکردگی پر سوالیہ نشان۔ ملاوٹ مافیا بے لگام شہری خواز مانسہرہ میں محکمہ فوڈ کی مبینہ غفلت اور ناقص نگرانی کے باعث ملاوٹ مافیا کو کھلی چھوٹ ملنے کے الزامات سامنے آنے لگے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بازاروں میں غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ اشیائے خورد ونوش کی شکایات مسلسل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 34)

کنگڑ ہوتر کے عمائدین ونوجوان پاکستان تحریک انصاف میں شامل

ن لیگ کو چھوڑ کر شمولیت اختیار کرنے والوں نے پی ٹی آئی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا

حویلیاں (نمائندہ شمال) تحصیل حویلیاں کے گاؤں کنگڑ ہوتر کے عمائدین اور نوجوانوں نے ساتھیوں سمیت ن لیگ کو چھوڑ کر پاکستان تحریک انصاف میں شامل ہوگئے ایم این اے علی اصغر خان، ایم پی اے افتخار احمد خان جدون اور تحصیل صدر احمد نواز جدون اور جنرل سیکرٹری سردار خالد گوھر کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے (بقیہ صفحہ 3 نمبر35)

کوزہ بانڈہ سپر لیگ (KSL) سیزن 3 کی رنگا رنگ افتتاحی تقریب

مشیر کھیل تاج محمد خان ترند اور مشیر صنعت وتجارت ہمایون خان نے افتتاح کیا

بٹگرام (ہلال یوسفزئی) بٹگرام میں کوزہ بانڈہ سپر لیگ (KSL) سیزن 3 کی رنگا رنگ افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس کا افتتاح وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے کھیل و امور نوجوانان تاج محمد خان ترند اور مشیر برائے صنعت وتجارت ہمایون خان نے کیا۔ افتتاحی تقریب میں ضلع بھر سے نوجوانوں، کرکٹ کے شائقین، ضلعی انتظامیہ، ضلعی صدر پاکستان تحریک انصاف اور مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشیر کھیل تاج محمد خان ترند نے KSL کی انتظامیہ کو شاندار ایونٹ کے انعقاد پر خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ بٹگرام میں کھیلوں کے میدان (بقیہ صفحہ 3 نمبر 37)

ادریس اعوان ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ انتقال کرگئیں

ایبٹ آباد (نمائندہ خصوصی) چائلڈ رائٹس پروٹیکشن کے لیگل ایڈوائزر ادریس اعوان ایڈووکیٹ کی ہمشیرہ طویل علالت کے بعد انتقال کرگئیں جن (بقیہ صفحہ 3 نمبر 41)

جامع مسجد قبا میں سولر سسٹم کی تنصیب، ملک عدیل اقبال نے افتتاح کردیا

44 اے سی، 60 پنکھے اور تمام لائٹس سولر بجلی سے چل سکیں گی، اہلیانِ سیکٹر 2 کا اظہارِ تشکر

کھلاڑ (نامہ نگار) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاونِ خصوصی برائے سیاحت وثقافت ملک عدیل اقبال نے کھلاڑ ٹان شپ سیکٹر 2، کپھرال چوک میں واقع جامع مسجدِ قبا میں جدید سولر سسٹم تنصیب کا باقاعدہ افتتاح کردیا ہے۔ اس سولر سسٹم کی تنصیب سے مسجد کی تمام تر بجلی کی ضروریات پوری ہوسکیں گی، جس کے تحت 4 ایئر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 40)

بفہ پکھل میں صفائی کا فقدان، کھیل کا میدان بھی کچرے کا ڈھیر بن گیا

کاڑ میدان بفہ خورد میں قائم کوڑا دان کچرے سے اٹا پڑا، ملحقہ آبادیوں میں تعفن اور بیماریوں کے خدشات

بفہ (خبر نگار) سوشل میڈیا پر فعال ٹی ایم اے بفہ پکھل شہر کے ساتھ ساتھ کھیل کے میدان کو بھی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل کرگئی۔ کاڑ میدان بفہ خورد میں بنایا گیا کوڑا دان کوڑے کرکٹ سے بھرا پڑا ہے جبکہ جگہ جگہ گندگی کے ڈھیروں نے ملحقہ محلّہ جات میں بیماریاں پھیلنا شروع کردیں کوڑا دان سے کچرا اٹھانے کی زحمت گوارہ نہیں اہلیانِ محلّہ نے کاڑ میدان بفہ خورد کا مطالبہ کیا ہے سابق ممبر ٹان کمیٹی بفہ گل اکبر خان سماجی کارکنوں محمد مشتاق، اعظم خان نے اس جانب توجہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 39)

حویلیاں، مرکزی سیرت کمیٹی تحصیل حویلیاں کا گرینڈ اجلاس میں علماء کرام و دیگر شریک

حویلیاں میں بند نالہ، بارش کا پانی جمع ہونے کا خدشہ

رفیق آباد کے مکینوں کا فوری صفائی اور نکاسی آب کا مطالبہ

حویلیاں (نمائندہ شمال) محلّہ رفیق آباد، نزد مسجد ابوذر غفاری میں نالہ مکمل طور پر بند ہونے کے باعث اہل علاقہ کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق نالے کی صفائی نہ ہونے کے باعث بارش کا پانی گزرنے میں دشواری پیش آسکتی ہے، جس سے سڑک اور ملحقہ علاقوں میں پانی جمع ہونے کا خدشہ ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ مسجد آنے والے نمازیوں، طلبا اور راہگیروں کو پہلے ہی مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ بارش کی صورت میں صورتحال مزید سنگین ہونے کا اندیشہ ہے۔ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ نالے کی فوری صفائی اور بحالی کے لیے عملی اقدامات (بقیہ صفحہ 3 نمبر38)

مانسہرہ، پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس سردار محمد ریاض حجرہ کوہستان میں پبلک ڈے کے موقع پر عوامی مسائل سن رہے ہیں

بچوں کو نمبروں اور آسائشوں کی دوڑ سے نکالنا ہوگا، صلاح الدین خان

والدین بچوں پر قابلیت سے بڑھ کر گریڈ لینے کا دباؤ نہ ڈالیں، صحافیوں سے گفتگو

بجنہ (نامہ نگار) بچوں میں موبائل، موٹر سائکل، برینڈڈ سوٹ اور اچھے گریڈ کی دوڑ ان کو انتہائی قدم پر مجبور کررہی ہے۔ یہ بات سینیئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے ایک طرف والدین کی طرف سے خواہ مخواہ اپنے بچوں کو زیادہ نمبر اور اچھے گریڈ پر مجبور کرنے اور دوسری طرف صاحب استطاعت والدین کی طرف سے اپنے بچوں کو اچھے موبائل، اچھی موٹر سائیکل، برینڈڈ کپڑے اور ان کو وافر پیسے دینے پر دوسرے غریب بچوں پر نفسیاتی اثر اور ان کو انتہائی قدم اٹھاتے دیکھ کر شمال (بقیہ صفحہ 3 نمبر 56)

مانسہرہ، پارلیمانی سیکرٹری سپورٹس سردار محمد ریاض حجرہ کوہستان میں پبلک ڈے کے موقع پر عوامی مسائل سن رہے ہیں

مانسہرہ، سردار محمد ریاض کا پبلک ڈے، عوامی مسائل براہ راست سنے

کوہستان حجرہ میں شہریوں، عمائدین اور حلقہ عوام کی بڑی شرکت؛ مسائل کے حل کیلئے متعلقہ اداروں سے رابطے کی یقین دہانی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری برائے سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز و ایم پی اے سردار محمد ریاض کی جانب سے کوہستان حجرہ میں پبلک ڈے کا انعقاد کیا گیا جس میں حلقے کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عوام، عمائدین اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر سردار محمد ریاض نے عوام سے براہِ راست ملاقاتیں کیں اور ان کے مسائل، شکایات، مشکلات اور تجاویز تفصیل سے سنیں۔ پبلک ڈے کے دوران مختلف علاقوں سے آئے ہوئے شہریوں نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش (بقیہ صفحہ 3 نمبر 43)

خانپور میں کھوئی میرا کے قریب موٹر سائیکل سڑک پر موجود گائے سے ٹکرا گیا جبکہ زخمیوں کا طبی امداد دی جا رہی ہے

ڈی آر سی اوگی نے فریقین میں دیرینہ رقم کی لین دین کا تنازعہ حل کردیا

سیلابی ریلوں نے میاں ڈھیری میں تباہی مچا دی، متاثرین کا احتجاج

گھروں کی دیواریں منہدم، رابطہ راستے تباہ، متاثرین کا فوری سروے اور امداد کا مطالبہ

ہریپور (نیوز ڈیسک) شدید بارشوں اور سیلابی پانی سے وی سی میاں ڈھیری میں بھاری نقصان، مقامی رہائشیوں کا پلیاں اسٹاپ پر سراپا احتجاج حالیہ شدید بارشوں اور ندی نالوں میں آنے والے سیلابی ریلوں نے وی سی میاں ڈھیری اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 44)

اوگی (نامہ نگار) ڈی آر سی اوگی نے فریقین میں دیرینہ رقم کی لین دین کا تنازعہ حل کردیا فریق منیر نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 45)

ڈھوڈیال گرلز کالج میں کلاسز کا اجراء طالبات کیلئے تعلیم کا راستہ کھل گیا

آرٹس، سائنس، میڈیکل اور انجینئرنگ کی تعلیم کی راہیں ہموار؛ مڈل سکول اپ گریڈیشن اور بی ایچ یو کے نوٹیفکیشن بھی جلد متوقع

پھلل (چیف رپور) ٹڑڈھوڈیال یوتھ فورس کی کوششوں سے ڈھوڈیال گرلز کالج کی کلاسز کا اجرا ڈھوڈیال کی ھونہار طالبات میٹرک کے بعد تعلیم جاری رکھنے سے محروم تھیں جو کام گزشتہ 50 سالوں سے ایم پی ایز ایم این ایز نہیں کر سکے وہ کام ڈھوڈیال کے باشعور اور سنجیدہ نوجوانوں نے 3/4 سال میں ڈھوڈیال یوتھ فورس کے پلیٹ فارم سے کر کے ثابت کر دیا کہ نالیوں اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 46)

اوگی۔ڈاکٹرز کالج میں محفل میلاد نعتیہ مقابلے میں شریک بچوں کا ڈپٹی سیکرٹری صحت خیبر پختونخوا ڈاکٹر عبدالواجد کیساتھ گروپ فوٹو

حویلیاں میں 1997 کا امن معاہدہ برقرار رکھا جائے

امن معاہدے سے 29 سال سے شہر میں مذہبی تصادم نہیں ہوا، شرکاء اجلاس

حویلیاں (نمائندہ شمال) حویلیاں شہر کے اندر امن وامان کو ہر صورت میں بحال رکھنے کے لئے انتظامیہ کے ساتھ کھڑے تھے کھڑے ہیں اور کھڑے رہیں گے 1997 کے امن معاہدے کو ہر صورت بحال رکھا جائے گا ان خیالات کا اظہار مرکزی سیرت کمیٹی تحصیل حویلیاں کے گرینڈ اجلاس میں علما کرام، وکلا برادری تاجر برادری عمائدین علاقہ نے متفقہ اعلامیہ جاری کیا تفصیلات کیمطابق گزشتہ روز حویلیاں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 47)

ہمارے پیارے نبیؐ پوری دینا کیلئے رحمت الاآمین بند کر آئے

سنت رسولؐ پر عمل پیرا ہونے سے ہی دنیا وآخرت کی کامیابی ہے، علماء کرام

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ہمارے پیارے نبیؐ پوری دینا کیلئے رحمت الاآمین بند کر آئے، سنت رسولؐ پر عمل پیرا ہونے سے ہی دنیا وآخرت کی کامیابی ہے، ختم نبوت کے تحفظ کیلئے ہم اپنے آپ کو تو کیا اپنی آنے والی نسلیں بھی قربان کردینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، مولانا سید زاہد حسین شاہ، علامہ توصیف ہزاروی، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ محلّہ چینئ نزد سابقہ گلی کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال مانسہرہ برمکان شیخ اقبال حسین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 36)

صاحبزادہ حامد شاہ نے یونین کونسل میاں ڈھیری کا خصوصی دورہ کیا

تربیلا غازی (نامہ نگار) شدید بارش اور سیلابی پانی سے نقصانات، مسلم لیگ ن کے ضلعی صدر کا میاں ڈھیری کا دورہ، متاثرین سے ملاقات، نکاسی آب کے مسائل فوری حل کرنے کی یقین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 59)

صوبہ ہزارہ انتخابی نعرہ نہیں، آئینی وانتظامی حق ہے، خورشید علی ہزاروی

حکومت سے پارلیمانی روڈ میپ، تمام سیاسی جماعتوں سے آئینی عمل آگے بڑھانے کا مطالبہ

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی صوبہ ہزارہ تحریک کے کوارڈینیٹر سندھ خورشید علی ہزاروی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا میں اج یہاں کسی سیاسی جماعت کسی قوم کسی زبان یا کسی شناک کے خلاف بات کرنے نہیں ایا میں اج کراچی پریس کلب سے صوبہ 11 کے ائینی جمہوری اور انتظامی حق کی اواز حکومت پاکستان پاکستان پارلیمنٹ اور پوری قوم تک پہنچانے ایا ہوں سب سے پہلے ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 48)

دین اسلام کی تعلیمات سے دوری ہماری تباہی کا باعث بن رہی ہے

ہماری دونوں جہانوں میں کامیابی صرف دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہی ہے، قاری محمد عابد

پھلڑہ (نمائندہ شمال) دین اسلام کی تعلیمات سے دوری ہماری تباہی کا باعث بن رہی ہے ہماری دونوں جہانوں میں کامیابی صرف دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے میں ہی ہے مہتمم مدرسہ تعلیم الفرقان اللبنات پھلڑہ قاری محمد عابد تنولی نے کہا ہے کہ دین اسلام کی تعلیمات سے دوری اور ہماری زندگیوں سے سنت رسول کا نکلنا ہماری تباہی کا سبب ہے اس لئے ہم سب کا فرض ہے کہ ہم اپنی اولادوں کو دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوں جب ہمارا معاشرہ دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوگا تو ہمارے مسائل ازخود حل ہوں گے آج افسوس کا مقام ہے کہ ہم جن پریشانیوں سے دوچار ہیں ان کا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 49)

بلدیاتی انتخابات جمہوری عمل ہے جاری رکھا جانا چاہئے

مقامی حکومتیں ان اختیارات سے محروم ہیں جو انہیں منتقل ہونے چاہئیں، سردار محمد رفاقت

سانڈے سر (نمائندہ شمال) بلدیاتی انتخابات جمہوری عمل ہے اسے جاری و ساری رکھا جانا چاہئے، سردار محمد رفاقت۔ اٹھارویں ترمیم کا اصل مقصد یہ تھا کہ اختیارات مرکزی حکومت سے صوبائی حکومتوں کو منتقل کئے جائیں گے اور صوبائی حکومتیں وہی اختیارات بلدیاتی یعنی مقامی حکومتوں کو منتقل کریں گی لیکن یہ سلسلہ صرف صوبائی حکومتوں تک پہنچ پایا مقامی حکومتیں ان اختیارات سے محروم رہیں تفصیلات کے مطابق منڈا گچھ کے رہائشی اورائے کے موورز بس سروس کے جنرل منیجر سردار محمد رفاقت نے بلدیاتی انتخابات پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں سب سے پہلے ترجیحی دی جاتی ہے اور وہ ممالک دنیا کے ترقی یافتہ ممالک اسے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 50)

عوامی مسائل کے حل کیلئے منیر حسین لغمانی کی شبانہ روز کاوشیں قابلِ تحسین

سہولیات کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات خوش آئند ہیں، جنید عالم خان ایڈووکیٹ

مانسہرہ (چیئف رپورٹر) عوامی مسائل کے حل کیلئے منیر حسین لغمانی کی شبانہ روز کاوشیں قابلِ تحسین ہیں، جنید عالم خان ایڈووکیٹ، بالاکوٹ سے تعلق رکھنے والی ہر دلعزیز شخصیت ممتاز قانون دان جنید عالم خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ممبر صوبائی اسمبلی منیر حسین لغمانی ایڈووکیٹ کی عوامی محرومیوں کے ازالے، بنیادی مسائل کے حل اور علاقے کی تعمیر وترقی کیلئے دن رات کی کوششیں لائقِ تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زلزلہ زدہ تحصیل بالاکوٹ کو گزشتہ دو دہائیوں سے بے شمار مسائل اور مشکلات کا سامنا ہے، جنہیں ایک مختصر عرصے میں مکمل طور پر حل کرنا آسان نہیں، تاہم عوامی نمائندے کی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 51)

بلدیہ پیپر وڈ میسائل وغیرہ آن لائن ہونے سے عوام سخت پریشان

پھلڑہ (نمائندہ شمال) کے پی کے حکومت نے اسٹام پیپر وڈ میسائل وغیرہ آن لائن کر کے عوام کو سخت پریشانی سے دوچار کر دیا ویب سائٹس اکثر ڈاؤن رہنے کی وجہ سے لوگوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ گیا عوامی و سماجی حلقوں نے تین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 61)

حاجی محمد سلیم موہاڑ کے بیٹے کی دعوت ولیمہ سیاسی میٹنگ میں تبدیل

سیاسی لائحہ عمل پر بات چیت، ولیمہ میں مختلف سیاسی نمائندوں اور عوام نے بھرپور شرکت کی

پھلڑہ (نمائندہ شمال) قومی تحریک ضلع تنول کے رہنماء حاجی محمد سلیم موہاڑ کے بیٹے کی دعوت ولیمہ سیاسی میٹنگ میں تبدیل ہوگئی مختلف سیاسی نمائندوں کی جانب سے آئندہ کے لائحہ عمل پر بات چیت گزشتہ روز حاجی محمد سلیم موہاڑ کے بیٹے کی دعوت ولیمہ آبائی گاؤں موہاڑ میں دی گئی جس میں حاجی ابرار حسین تنولی بانی تحصیل تناول وحید انجم خان، سجاد تنولی، نوابزادہ فیاض احمد خان پڑھنہ سابق تحصیل ناظم مانسہرہ نوابزادہ فاروق خان سمیت دیگر سیاسی رہنماؤں نے اکٹھا ہونے پر موجودہ حالات اور (بقیہ صفحہ 3 نمبر 57)

بٹگرام، مشیر کھیل تاج محمد خان ترند اور مشیر صنعت وتجارت ہمایون خان کوزہ بانڈہ میں کے ایس ایل کی افتتاحی تقریب کے موقع پر

تھانہ چانجل پولیس کی کارروائی، منشیات فروشی میں ملوث ملزم گرفتار

بٹگرام (ہلال یوسفزئی)، بٹگرام: تھانہ چانجل پولیس کی کارروائی، منشیات برآمد۔ ڈی پی او بٹگرام قمر حیات خان (PSP) کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری۔ ایس ایچ او تھانہ چانجل (بقیہ صفحہ 3 نمبر 58)

صاحبزادہ حامد شاہ نے یونین کونسل میاں ڈھیری کا خصوصی دورہ کیا

سی ڈی اے کی اشتراک سے pcicl نے شجرکاری مہم کا اغاز کی

ہیومن رائٹس پروٹیکشن تحصیل حویلیاں کے آفس کی افتتاحی تقریب

ایس ایس پی اشتیاق احمد نے آفس کا افتتاح کیا، تنظیمی عہدیداران سمیت عوام کی شرکت

حویلیاں (نامہ نگار) ہیومن رائٹس پروٹیکشن اینڈ ڈیولپمنٹ کونسل پاکستان تحصیل حویلیاں کے آفس کی افتتاحی تقریب۔ ایس ایس پی اشتیاق احمد نے آفس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر حویلیاں محمد اسامہ خان، صدر ایوان تجارت خورشید اعظم خان بھی موجود تھے۔ بعد ازاں ایک پروقار تقریب سردار سلیم نائب (بقیہ صفحہ 3 نمبر 60)

ٹیکنیکل ایجوکیشن موجودہ دور میں وقت کی اہم ضرورت

نوجوان سیفٹی انجینئرنگ جیسے فنی کورسز پر خصوصی توجہ دیں، مقررین

حویلیاں (نمائندہ شمال) ٹیکنیکل ایجوکیشن موجودہ دور میں وقت کی اہم ضرورت ہے، نوجوان سیفٹی انجینئرنگ جیسے کورسز پر توجہ دیں حویلیاں۔ نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ ٹیکنیکل ایجوکیشن کا حصول وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نوجوان بہتر، باعزت اور باوقار روزگار کے حصول کے لیے سیفٹی انجینئرنگ جیسے فنی کورسز پر خصوصی توجہ دیں۔ دنیا بھر میں صرف ڈگریوں کے بجائے ڈپلومہ ہولڈرز اور عملی ٹیکنیکل سکلز رکھنے والے افراد کی اہمیت اور مانگ میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر ڈاکٹر عظمت علی، سابق تحصیل ناظم اسحاق زکریا ایڈووکیٹ اور چیف سیفٹی انسٹرکٹر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 55)

اکبر انسٹیٹیوٹ کا بنیادی مقصد طلبہ کو عملی تربیت فراہمی ہے

طلبہ کو عملی میدان کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں، ایم ڈی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر) اکبر انسٹیٹیوٹ کا بنیادی مقصد معیاری وطبی اور نرسنگ تعلیم کے ساتھ ساتھ طلبہ کو عملی پریہیت کے موقع فراہم کرنا ہے ایم ڈی چوہدری نزیر تفصیلات کے مطابق مانسہرہ اکبر انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز اینڈ نرسنگ کالج کے ایم ڈی چوہدری نزیر نے گزشتہ روز تفصیلی میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے ادارے کی تعلیمی، طبی اور انتظامی سرگرمیوں، طلبہ وطالبات کو فراہم کی جانے والی سہولیات، مستقبل کے منصوبوں اور دیگر اہم امور کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کیا۔ انہوں نے میڈیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 54)

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے جاموٹ قومی موومنٹ کے چیئرمین اور سابق صوبائی وزیر صحت بلوچستان میر عبدالمجید اچڑو ملاقات کررہے ہیں

بگرام، علامہ اقبال نے قوم کو جگایا، ریاض محمد خان

آزادی کی قدر قیمت وہی لوگ جانتے ہیں جو اس سے محروم ہیں

بٹگرام (نمائندہ شمال) شاعر مشرق "نے قوم کو جگایا اسلامی ریاست کا قیام عمل میں ایا ریاض محمد خان "ڈاکٹر محمد اقبال ایک اہم جہت شخصیت کے مالک تھے "متاز قانون دان ہائی کورٹ ریاض محمد خان ایڈوکیٹ نے کہا کہ ڈاکٹر علامہ اقبال "ایک احمد جہد شخصیت کے مالک تھے" علامہ اقبال کا مسلمانوں کے لیے الگ ریاست کا خواب "جیسے قائد اعظم محمد علی جناح نے "شرمندہ تعبیر کیا (بقیہ صفحہ 3 نمبر 52)

سالانہ جلوس میلاد النبی مسجد انوار مدینہ دیوال منال سے شروع ہوا

تمام میلاد کمیٹیوں نے بھرپور شرکت کی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا بجیکوٹ بازار تک گیا

حویلیاں (نیوز رپورٹر) عظیم الشان فقید المثال سالانہ جلوس واجتماع میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زیر اہتمام میلاد کمیٹی دیوال منال ناڑہ بلکھوہ کسوڑیاں چڑھان کلانڈہ بجیکوٹ شان وشوکت کے ساتھ منایا گیا سالانہ جلوس میلاد النبی مرکزی جامع مسجد انوار مدینہ دیوال منال سے شروع ہوا جس میں تمام میلاد کمیٹیوں نے بھرپور شرکت کی جلوس اپنے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا بجیکوٹ بازار تک گیا جہاں سردار گوہر زمان مارکیٹ میں جلسہ کی شکل اختیار کرگیا جلسہ میں علما کرام ثناخواں حضرات نے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 53)

اوگی۔مدرسہ النور تعلیم القرآن تلی میں سیرت النبی کانفرنس سے مہتم قاری سید مسلم شاہ دیگر خطاب کررہے ہیں